وفات کی عدت میں عورت کا نوکری کرنا کیسا؟

مجیب: مفتی محمدقاسم عطّاری

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضانِ مدینہ دسمبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ عدتِ وفات میں شرعی پردے کا لحاظ کرتے ہوئے عورت کا نوکری کرنے کے لئے گھر سے باہر جانا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

دورانِ عدت عورت کا گھر سے باہر نکلنا جائز نہیں، البتہ اگر عدتِ وفات ہو اور عورت کے پاس خرچ وغیرہ کے لیے رقم نہ ہو اور کسبِ حلال کے لیے باہر جانا پڑے، تو دن کے اوقات میں شرعی پردے کا لحاظ کرتے ہوئے جانے کی اجازت ہے جب کہ رات کا اکثر حصہ اپنے گھر میں آکر گزارے، لیکن اگر بقدرِ کفایت رقم موجود ہو یا گھر میں رہ کر ایسا جائز کسب اختیار کرسکتی ہے جس سے اپنے اخراجات پورے کرسکے، تو اسے نکلنے کی اجازت نہیں کہ عورت کے لیے نکلنے کا جواز صرف ضرورت کی بنا پر ہے اور جب ضرورت ہی متحقق نہ ہو تو نکلنے کا جواز بھی ختم ہو جائے گا۔

اس تفصیل کے بعد پوچھی گئی صورت کا متعین جواب یہ ہے کہ اگر عورت کے لیے نوکری (Job) پر جانا ہی ناگُزیر ہے کہ گھریلو کسب اور خرچہ وغیرہ نہ ہونے کی وجہ سے جانا ہی پڑے گا اور نہ جائے گی تو گُزارا نہیں ہوگا، تو اسے اوپر ذکر کی گئی قیودات کو ملحوظ رکھتے ہوئے نوکری (Job) کے لیے جانے کی اجازت ہے۔

یاد رہے! عورت کے لیے ملازمت جائز ہونے کی چند شرائط ہیں، اگر ان میں سے کوئی ایک بھی نہ پائی جائے، تو عورت کے لیے ملازمت کرنا، جائز نہیں، چنانچہ اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے امامِ اہلِ سنّت رحمۃُ اللہِ تعالٰی علیہ لکھتے ہیں: "یہاں پانچ شرطیں ہیں: (۱) کپڑے باریک نہ ہوں جن سے سر کے بال یا کلائی وغیرہ ستر کا کوئی حصہ چمکے۔ (۲) کپڑے تنگ وچست نہ ہو جو بدن کی ہیأت ظاہر کریں۔ (۳) بالوں یا گلے یا پیٹ یا کلائی یا پنڈلی کا کوئی حصہ ظاہر نہ ہو۔ (۴) کبھی نامحرم کے ساتھ کسی خفیف دیر کے لئے بھی تنہائی نہ ہوتی ہو۔ (۵) اس کے وہاں رہنے یا باہر آنے جانے

میں کوئی مظنہ فتنہ نہ ہو۔ یہ پانچ شرطیں اگر جمع ہیں، تو حرج نہیں اور ان میں ایک بھی کم ہے تو (عورت کا نوکری کرنا) حرام۔"

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net